میں تم کو اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں کہ وہ تمہارے ہر کام کو زینت بخشنے والا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ کچھ اور فرمایئے! فرمایا: قرآن اور ذکر اللہ کی پابندی رکھو کہ اس سے عالم بالا میں تمہارا تذکرہ ہوتا ہے اور زمین میں تم کو خاص نور حاصل ہوگا، میں نے عرض کیا کہ کچھ اور فرمایئے! فرمایا کہ خاموشی زیادہ بہتر ہے کیونکہ خاموشی شیطان کو بھگاتی ہے اور دین کے کاموں میں تمہاری مدد گار ہے۔ میں نے عرض کیا کہ کچھ اور فرمایئے! فرمایا: زیادہ ہنسنے سے بچو کیونکہ زیادہ ہنسنے سے دل مردہ ہوتا جاتا ہے اور چہرے کی رونق جاتی رہتی ہے۔ میں نے عرض کیا کہ کچھ اور فرمایئے! فرمایا: حق بات کہو اگرچہ تلخ ہو۔ میں نے عرض کیا کہ کچھ اور وصیت کیجیے! فرمایا: اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کرو۔ میں نے عرض کیا کہ کچھ اور فرمایئے! فرمایا: جو کچھ تم اپنے بارے میں جانتے ہو وہ تم کو لوگوں کے دوسرے عیوب سے روک دے۔“ (اس حدیث کو حافظ ہیثمی اور امام احمد اور طبرانی نے روایت کیا ہے)

مطلب اس حدیث کا یہ ہے کہ تقویٰ کمال ایمان کو کہتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا دینی احکام کو بھی بجالائے گا اور جن کاموں سے منع کیا ہے ان سے بچے گا اسی کا ایمان کامل ہوگا، یہ اور اسی سے دنیا بھی سنورتی ہے اور دین بھی۔ آج جو مسلمانوں میں جرائم کی کثرت ہے کہ روزانہ اخبارات میں اغوا، قتل، چوری، ڈکیتی، رشوت، ذخیرہ اندوزی، دغا، فریب وغیرہ کے واقعات چھپتے رہتے ہیں۔ اس کا سبب اس کے سوا کچھ نہیں کہ دلوں سے خوف خدا اور اندیشہ آخرت اٹھ گیا ہے۔ مسلمانوں نے آج کل یہ سمجھ لیا ہے کہ بس کلمہ پڑھ لینا، بھلی کاٹی بہ قدر ضرورت نماز پڑھ لینا، یہ کافی ہے۔ عمل کی کچھ ضرورت نہیں۔ ان کو یاد کرنا چاہیے کہ صرف کلمہ پڑھ لینے سے اللہ تعالیٰ کی مدد ان کے ساتھ نہ ہوگی، اللہ تعالیٰ کی مدد صرف تقویٰ کے بعد نازل ہوا کرتی ہے۔

چنانچہ ارشاد ہوا کرتا ہے:

”بلیٰ ان تصبروا وتتقوا ویاتوکم من فورھم ھذا یمددکم ربکم بخمسۃ الاف من الملئکۃ مسومین۔

ولعل اصل الفکر امنوا وتتقوا للمقتضی تعلیم برکات من السماء والارض ولکن کذبوا فاخذناھم بما کانوا یکسبون۔“

ترجمہ: یہ شک اگر تم صبر و استقلال اور تقوی اختیار کرو اور دشمن دفعۃً تم پر حملہ کردے تو تمہارا پروردگار پانچ ہزار فرشتوں سے تمہاری مدد کرے گا جو خاص نشان لگائے ہوئے ہونگے۔

دوسری جگہ ارشاد ہے کہ اگر یہ بستی والے ایمان اور تقوی اختیار کرتے تو یقیناً ہم ان پر آسمان وزمین کی برکتیں نازل کرتے اور رحمت کے دروازے کھول دیتے لیکن انہوں نے جھٹلایا کہ ایمان اور تقوی کی ضرورت نہیں تمہاری ہمت اور تدابیر ہی سے سب کام ہوجائیں گے تو ہم نے ان کے اعمال بد کے سبب ان کو پکڑ لیا۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو وصیت فرمائی کہ جب سونے کی جگہ میں جاؤ یعنی سونے کا قصد کرو تو سورۃ حشر پڑھ لیا کرو۔ اگر تم اس رات مرگئے تو شہید مرو گے۔ اس کو ابن سنی نے ”عمل الیوم واللیلۃ“ میں روایت کیا ہے۔

ایک روایت میں بجائے سورۃ حشر کے اوآخر سورت ”ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو“ سے ختم سورت تک پڑھنے کا بھی ثواب آیا ہے۔

حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص کو رسول اللہ ﷺ نے وصیت فرمائی کہ جب سونے کے لیے خواب گاہ کا ارادہ کرو تو یہ پڑھ لیا کرو!

”اللھم اسلمت نفسی الیک ووجھت وجھی الیک والجات ظھری الیک رغبۃ ورھبۃ الیک لا ملجا ولا منجا الا الیک امنت بکتابک الذی انزلت وبنبیک الذی ارسلت۔“

ترجمہ: اے اللہ! میں اپنی ذات کو آپ کے حوالے کرتا ہوں۔ اپنے ہر کام کو آپ کے سپرد کرتا ہوں۔ اپنے چہرے کا رخ آپ کی طرف پھیرتا ہوں۔ آپ ہی سے پشت پناہی چاہتا ہوں۔ آپ ہی سے امید رکھتا ہوں اور آپ ہی سے ڈرتا ہوں۔ آپ سے بھاگنے کی اور پناہ کی جگہ کے دروازے کھول دیئ

سعودی اتحادی طیاروں کی بمباری 119 حوثی باغی ہلاک 62 زخمی ہوگئے

ربیعہ و عسیلان میں اتحادی طیاروں کے حملے میں درجنوں حوثی ہلاک اور زخمی، باغیوں کا اسلحہ ڈپو تباہ کردیا گیا

صنعاء (نیوز ایجنسیاں) یمن میں سعودی اتحادی طیاروں کی بمباری سے 119 حوثی باغی ہلاک اور بیالیس زخمی ہوگئے جبکہ فوجوں و سرحد میں واقع قبائلی علاقے میں کی گئی بمباری کے نتیجے میں 75 حوثی ہوگئے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق یمن کے شہر عسیلان میں سعودی اتحادی افواج کی فضائی کارروائی کے نتیجے میں 41 حوثی باغی اور 75 زخمی ہوگئے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق یمن کے شہر عسیلان میں سعودی اتحادی افواج کی فضائی کارروائی کے نتیجے میں 41 حوثی باغی اور 75 زخمی ہوگئے۔ عسیلان کے بعد اطادی ٹیوں نے ربیعہ میں حوثی باغیوں کے اسلحہ ڈپو کو نشانہ بنایا۔ ربیعہ میں کی گئی بمباری کے نتیجے میں اسلحہ ڈپو تباہ ہوگیا۔ ادھر یمن کے دارالحکومت صنعاء میں بھی سعودی اتحادی طیاروں نے بمباری کی۔ یمن کے دارالحکومت صنعاء میں بھی سعودی اتحادی طیاروں نے بمباری کی۔ صنعاء میں کی گئی بمباری کے نتیجے میں 4 حوثی باغی ہلاک ہوگئے۔ صنعاء میں کی گئی بمباری کے نتیجے میں 4 حوثی باغی ہلاک ہوگئے۔ ادھر یمن کے صوبے حجہ میں کی گئی بمباری کے نتیجے میں 5 حوثی باغی ہلاک ہوگئے۔ ادھر یمن کے صوبے حجہ میں کی گئی بمباری کے نتیجے میں 5 حوثی باغی ہلاک ہوگئے۔ یمن کے صوبے صعدہ میں کی گئی بمباری کے نتیجے میں 3

افادات اکابر

جنت کا اعلیٰ مقام "الفردوس"

جنت کا سب سے اعلیٰ درجہ جنت الفردوس ہے اور بیان حضرات کے لئے ہے، جنہوں نے راہ خدا میں جاں بازی وجاں نثاری کا اعلیٰ نمونہ پیش کیا ہو، چنانچہ بعض احادیث میں شہیدی تکمیل اللہ کے لئے جنت الفردوس کی بشارت آئی ہے۔ اسی طرح انبیاء اور صدیقین اور شہداء وصالحین علیٰ حسب مراتب جنت الفردوس میں ہوں گے، چونکہ جنت کا انعام ہدوں استحقاق کے محض مالک کی عنایت ہے، گو اپنے اعمال جنت الفردوس کے لائق نہ ہوں، مگر مالک کے کرم سے امید کرتے ہوئے جنت الفردوس ہی مانگنی چاہئے، اس لئے فرمایا گیا "جب اللہ تعالیٰ سے مانگو تو جنت الفردوس ہی مانگو۔" یہ وصیہ بھی آنحضرت ﷺ کے ارشاد کی قبیل کرتے ہوئے دعا کرتا ہے: یا اللہ! آپ کی رحمت اور آپ کے لطف وکرم کے صدقے آپ سے جنت الفردوس کی درخواست کرتے ہیں، یا اللہ، ہماری دعا قبول فرما کر اپنے مقبول بندوں سے ہمیں ملا دیجئے۔ آمین یارب العالمین

(معارف نبوی ﷺ، ص:۳۰۱)

معارفِ جہاد

سوچ کا فرق

ایک سوچ یہ ہے کہ "ہم مسلمان ہیں، کمزور ہیں کفار بہت طاقتور ہیں وہ ہمیں بہت نقصان پہنچا سکتے ہیں اس لئے ہم ان سے دوستی کرلیں، ان کے ساتھ تعاون کریں، آخر ہم نے دنیا میں تو رہنا ہے" گویا کہ کافروں کے شر سے صرف کافروں کی دوستی ہی ہمیں بچا سکتی ہے (نعوذ باللہ)

دوسری سوچ یہ ہے کہ "ہم مسلمان ہیں، اللہ تعالیٰ کے وفادار بندے ہیں، جو بھی اللہ تعالیٰ کا دشمن کافر ہوگا ہم اس کے دشمن ہیں۔ ہم ساری دنیا کے کفار کو اسلام کی دعوت دیتے ہیں ہم کمزور ہیں، کفار طاقتور ہیں تو وہ ہمیں نقصان پہنچا سکتے ہیں اس لئے ہم اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں۔ صرف وہی ہمیں ہر نقصان سے بچا سکتا ہے۔ اور ہم نے ہمیشہ دنیا میں تنہا نہیں رہنا اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹنا ہے اس لئے دنیا کے عارضی مفاد کی خاطر ہم کافروں سے دوستی کرکے اللہ تعالیٰ کو ناراض نہ کریں۔" (رنگ ونور جلد:۵، ص:۳۹)

عہد زریں

قبرص پر پہلا جہاد ۲۷ ہجری

تقریش حسان بن عطاء ﷺ

حضرت امیر المومنین سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں حضرت سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کی قیادت میں بحری جہاد کا سلسلہ شروع ہوا۔ چنانچہ سنہ ۲۷ ہجری میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے گورنر حمص عبداللہ بن قیس الجاسی کو خط لکھا کہ وہ ساحل حمص پر بحری بیڑہ تیار کرے۔ عبداللہ نے بیڑہ تیار کرکے اس کی کمان اپنے ہاتھ میں لی اور ساحل حمص سے روانہ ہوکر قبرص پہنچے۔ وہاں کے باشندوں نے مقابلہ کیا، مگر شکست کھائی اور جزیہ دینا منظور کرلیا۔ عبداللہ بن قیس نے قبرص کو فتح کرکے وہاں کے باشندوں پر جزیہ مقرر کیا اور ان سے عہد لیا کہ وہ مسلمانوں کے دشمنوں کو پناہ نہ دیں گے اور مسلمانوں کی خبر رسانی کریں گے۔ اس کے بعد عبداللہ بن قیس نے ۱۷۰ جہاز اور ۵۰ ہزار فوج کے ساتھ قسطنطنیہ پر حملہ کیا۔ اس حملہ میں بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے اہل خانہ شریک تھے۔

دوسری طرف حضرت عبداللہ بن سعد بن ابی السرح اپنا لشکر لے کر افریقہ سے روانہ ہوئے۔ جب یہ تمام لشکر جزیرہ میں اکٹھے ہوگئے تو عمومی قیادت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ لے لی۔ مزید تفصیلات اگلے شمارہ میں ان شاء اللہ۔

ذیل کے نقشے میں ان اسفار کی کچھ نشاندہی موجود ہے۔

☆.....☆.....☆

تابندہ ستارے

29

سلطان نورالدین زنگی رحمہ اللہ

ابوحفصہ

سیف الدین غازی یا کسی اور کا سواب کوئی چارہ نہ رہا کہ سیف الدین غازی یا نورالدین محمود کو اپنی مدد کے لیے بلا بھیجے کیونکہ ان کی زبردست قوت ہی صلیبوں کا سرتوڑ سکتی تھی۔ ان نے سیف الدین غازی کو سارا حال لکھ بھیجا اور اس سے درخواست کی کہ بلا تاخیر دمشق کے مسلمانوں کی مدد کے لیے پہنچ جائے۔

سیف الدین غازی یہ پیغام ملتے ہی ایک جرار فوج لے کر دمشق کی طرف چل پڑا۔ دوسری طرف سے نورالدین محمود بھی مجاہدین کی ایک بہت بڑی جمعیت کے ہمراہ حلب سے دمشق کی طرف روانہ ہوا اور حمص میں سیف الدین غازی سے آملا۔ اب دونوں بھائی صلیبیوں پر ایک بھرپور ضرب لگانے کے لیے تیار ہوگئے۔ ادھر صلیبیوں نے جب اس زبردست لشکر کی آمد کی خبر سنی تو انہوں نے غیرت اسی میں سمجھی کہ فی الفور دمشق سے اپنا محاصرہ اٹھالیں۔

چنانچہ وہ راتوں رات ہی دمشق سے یروشلم کی طرف روانہ ہوگئے اور سیف الدین غازی اور نورالدین محمود کو ان سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا لیکن یہ خیال بھی منڈھے نہ چڑھ سکا کیونکہ اس عرصہ میں شہنشاہ یوحنا بھی اپنی جرار فوج بنگامہ خیزی سے جلد ہی فارغ ہوا تھا، دمشق کے محاصرہ میں ناکامی کے بعد جب جلد اپنے وطن کو واپس چلا گیا۔ شاہ فرانس کچھ عرصہ اور فلسطین میں رہا اور پھر ۱۱۴۹ء میں وہ بھی یورپ کو واپس چلا گیا۔ اس طرح دوسری صلیبی جنگ جس جوش اور سرگرمی سے شروع ہوئی تھی اس سے کہیں زیادہ ناکامی اور رسوائی پر ختم ہوگئی۔ یورپ نے اب جنگ میں اپنے لاکھوں آدمی کٹوا لئے لیکن حاصل کچھ بھی نہ کر سکا۔ لوئس ہفتم اور کانرڈ سوم کے ماتھے پر ہمیشہ کی ناکامیاں داغ لگا کے پھر انہوں نے اپنی زندگی میں کبھی بھول کر بھی "جنگ مقدس" کا نام نہ لیا۔

☆.....☆.....☆

یروشلم میں صلیبیوں کا اجتماع

لوئیس اپنی فوج کے ساتھ سیدھا یروشلم پہنچا۔ عیسائیوں نے اس کی آمد پر بڑی خوشی منائی۔ اسی اثنا میں شہنشاہ جرمنی بھی سمندر کے راستے سے ہوتا ہوا یروشلم آپہنچا۔

یورپ کے ان طاقتور حکمرانوں کے اکٹھے ہوجانے سے عیسائیوں کی مسرت دوچند ہوگئی۔

دونوں بادشاہ گلے مل کر خوب روئے اور توبہ و استغفار کرکے مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے کا عہد کیا۔ ان دنوں یروشلم کا بادشاہ بالڈون ثالث تھا وہ اپنی تخت نشینی کے دن سے ہی یروشلم کی سلطنت کو وسیع کرنے کے خواب دیکھ رہا تھا۔ اب جو اس نے فرانس اور جرمنی کے بادشاہوں کی حشمت وقوت کو اپنی پشت پر دیکھا تو اس کے دل میں ملک گیری کی خواہش زور پکڑ گئی۔ تینوں بادشاہوں نے ایک مجلس مشاورت منعقد کی جس میں طے پایا کہ مسلمانوں پر کاری ضرب لگانے کے لیے سب سے پہلے دمشق پر حملہ کیا جائے۔

دمشق پر صلیبیوں کی یلغار اور پسپائی

تینوں عیسائی بادشاہوں کا متحدہ لشکر طے شدہ منصوبہ کے مطابق تیزی سے دمشق کی طرف بڑھا اور ۲۴ جولائی ۱۱۴۷ء کے آغاز میں اس کے سامنے پہنچ گیا۔ شہر کے تین طرف مٹی کی مضبوط فصیل بنی ہوئی تھی اور ایک طرف کھائی باغوں کی اس قدر کثرت تھی کہ کوئی بڑا لشکر ان میں سے آسانی سے گزر نہ سکتا تھا۔ صلیبیوں نے اسی طرف سے شہر کا محاصرہ کرلیا۔ دمشق پر ان دنوں امیر مجیر الدین ابک (ابالبن) کی حکومت تھی یہ بڑا قابل آدمی تھا اور اس کی بالاتائی کی وجہ سے حکومت کے سیاہ وسپید کا مالک اس کا وزیر معین الدین انز (انار) بنا ہوا تھا۔ معین الدین دمشق کے پرجوش عوام اور علما کی مدد سے کئی ماہ تک صلیبی حملہ آوروں کا مقابلہ کرتا رہا۔ اس دوران عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان کئی خونریز جھڑپیں ہوئیں۔ شیخ عبدالرحمٰن طحلول رحمہ اللہ اور فقیہ امام یوسف قلعاوی باقی رحمہ اللہ جن کا شمار دمشق کے مشائخ کبار میں ہوتا تھا، انہی جھڑپوں میں عیسائیوں کے خلاف لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ امام یوسف رحمہ اللہ بے حد کبیر السن تھے معین الدین نے ان کو لڑائی سے روکنا چاہا لیکن ان کی غیرت دینی نے گوارا نہ کیا کہ ان کے گھر میں دشمن دمشق کے دروازے پر جہاد ہو رہا ہو اور وہ اس میں شرکت سے محروم رہیں۔ وہ قرآن کریم کی آیت ان اللہ اشتری من المومنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ (بیشک اللہ نے مومنوں کا مال اور جانیں جنت کے عوض خرید لی ہیں) پڑھتے ہوئے مردانہ وار صلیبی فوج میں گھس گئے اور نہایت بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہوگئے۔

صلیبی لشکر چونکہ تعداد اور قوت میں بہت زیادہ تھا اس کا بادۂ دمشق پر اس قدر بڑھ گیا کہ ایک دن وہ شہر سے متصل میدان اخضر تک پہنچ گیا۔ والی دمشق کے پاس اس وقت کوئی فوج نہیں تھی جو شہر کا دفاع کرتی۔ اس نے اپنے شہر کی حفاظت کے لیے اہل شہر ہی سے مدد طلب کی۔ اس پر دمشق کے ہزاروں مرد، عورتیں اور بچے شہر کی فصیل پر چڑھ گئے اور بڑے بڑے پتھر اور تیر برسا کر صلیبیوں کو شہر سے دور رکھنے کی کوشش کرنے لگے۔ اس طرح دمشق کے مسلمانوں نے اپنے شہر کی حفاظت کا فریضہ بڑی بہادری سے ادا کیا۔

صلیبیوں کی پسپائی کے اسباب

صلیبی لشکر کے پسپا ہونے کے کئی اسباب تھے۔ ان میں سب سے اہم سبب یہ تھا کہ دمشق کے چاروں طرف باغات تھے اور ان باغات میں جگہ جگہ پانی کے چشمے بہتے تھے۔ صلیبی لشکر جب ان باغات میں داخل ہوا تو اس کے سپاہی درختوں کے سایہ میں آرام کرنے لگے۔ پانی کی فراوانی نے ان کی بے چینی کو اور بڑھا دیا۔ وہ اپنے خیموں کو چھوڑ کر باغوں میں جا گھسے۔ اس طرح ان کی فوج کا نظم و ضبط بالکل درہم برہم ہوگیا۔ اس کے علاوہ دمشق کے مسلمان مجاہدین نے بھی ان پر حملے شروع کردیئے۔ ان حملوں کی تاب نہ لاکر صلیبی لشکر نے پسپائی اختیار کرلی۔ اس کے بعد یروشلم کے بادشاہ بالڈون ثالث نے دمشق کے حاکم معین الدین انز کو پیغام بھیجا کہ اگر وہ دمشق کا شہر اس کے حوالے کردے تو وہ اس کو بہت سا مال دے گا۔ معین الدین انز نے اس کی پیشکش کو ٹھکرا دیا۔ اس پر بالڈون نے کہا کہ اگر تم دمشق کا شہر ہمارے حوالے نہیں کرتے تو ہم اس کو اپنی طاقت سے فتح کرلیں گے۔ معین الدین انز نے جواب دیا کہ اگر تم نے ایسا کیا تو ہم تمہارے ساتھ وہ سلوک کریں گے جو ہم نے تمہارے بھائی کے ساتھ کیا تھا۔ یہ سن کر بالڈون کو بہت غصہ آیا اور اس نے دمشق پر دوبارہ حملہ کرنے کا ارادہ کرلیا۔ لیکن اس کے امراء نے اس کو مشورہ دیا کہ دمشق کو فتح کرنا آسان نہیں ہے۔ اس کے لیے بہت سا وقت اور بہت سا لشکر درکار ہے۔ اس لیے اس وقت دمشق پر حملہ کرنا مناسب نہیں ہے۔ بالڈون نے امراء کا مشورہ مان لیا اور دمشق پر حملہ کرنے کا ارادہ ترک کردیا۔

روشن ماضی

حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ

ابومحمد

حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ (۱۰۷ھ/۷۲۵ء تا ۱۸۷ھ/۸۰۲ء) مشہور زاہد گزرے ہیں۔ قرآن کریم کی ایک آیت سن کر ایسے بدلے کہ تقویٰ وطہارت میں بے مثال ہوگئے، حتیٰ کوئی دنیا کی کیا حال تھا کہ بادشاہ سے بھی نہ ڈرتے تھے بھی کبھی بادشاہ سے ملنا پسند نہ کرتے تھے۔

فضل بن ربیع کا بیان ہے کہ جب خلیفہ ہارون رشید نے حج کو جانے کا ارادہ کیا تو کسی نیک وصالح بزرگ سے نصیحت حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کی۔

پہلے وفضل بن ربیع کو لے کر سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ کے پاس گئے۔ فضل بن ربیع نے دروازہ کھٹکھٹایا۔

انہوں نے اندر سے پوچھا: "کون؟"

فضل بن ربیع نے کہا: امیر المومنین! آپ سے ملنے امیر المومنین آپ سے ملنے آئے ہیں۔

اتنا سن کر وہ لپک کر دروازہ پر آئے اور دروازہ کھول کر امیر المومنین سے کہا: آپ نے کیوں زحمت کی، مجھے ہی بلا لیا ہوتا، میں خود حاضر ہوجاتا۔

ہارون رشید نے کہا: میں اس لئے حاضر ہوا ہوں کہ آپ مجھے کچھ نصیحت فرمائیں۔

سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ دیر تک ان سے باتیں کرتے رہے، جب ہارون رشید رخصت ہونے لگا ہوا تو پوچھا: شیخ آپ پر کسی کا قرض تو نہیں ہے۔

شیخ نے کہا: ہاں فلاں فلاں شخص کا اتنا قرض ہے۔

ہارون رشید اس کا قرض ادا کرنے کا حکم دے کر رخصت ہوگیا۔ پھر وہ عبدالرحمٰن اصفہانی رحمہ اللہ کے یہاں گئے، مگر خلیفہ کو ان لوگوں کی باتوں سے تسلی نہ ہوئی اس کے بعد یہ لوگ حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ کے یہاں پہنچے۔ دستک دی انہوں نے اندر سے پوچھا: "کون؟"

فضل بن ربیع نے کہا: امیر المومنین! آپ سے ملنے آئے ہیں۔

جب حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ خلافت کے بوجھ سے بہت ڈرے اور گھبرائے تو حضرت محمد کعب رحمہ اللہ نے فرمایا: امیر المومنین اپنی رعایا میں یوں آئے ہیں۔

انہوں نے بڑی بے نیازی سے فرمایا: مجھ سے امیر المومنین کو کیا ضرورت ہے؟ مجھے معاف رکھیں۔ میری مشغولیت میں کیوں خلل ہوتے ہیں۔

فضل بن ربیع نے کہا: کیا آپ پر اولی الامر کی اطاعت لازم نہیں ہے؟

یہ سن حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ کو غصے سے نیچے اترے اور دروازہ کھولا۔

سب لوگ ان کے پاس گئے بیٹھ گئے۔ اندھیرے میں ان کا ہاتھ پکڑ کر کہا: کتنا نرم ہاتھ ہے۔ کاش! کل یہ دوزخ کی آگ میں نہ جلے۔

ہارون رشید نے کہا: شیخ مجھے کچھ نصیحت فرمائیں۔

فرمایا: عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ خلیفہ بنائے گئے تو رات کو رکھ فرمایا: میں خلافت دے کر آرہا ہوں میں ذلیل دنیا کیا ہوں۔ انہوں نے اس کو آزمائش کیا..... اور آپ اور آپ کے اصحاب اس کو کیا سمجھتے ہیں۔

جب حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ خلافت کے بوجھ سے بہت ڈرے اور گھبرائے تو حضرت محمد کعب رحمہ اللہ نے فرمایا: امیر المومنین اپنی رعایا میں یوں آئے ہیں کہ جیسے کوئی ماں کی اپنے والد کی طرح تو تیر بھیجئے، اور سوء عمر والوں کا بھائی کی طرح اکرام واعزاز کیجئے اور چھوٹوں پر بیٹے کی طرح شفقت ومحبت سے پیش آیئے۔

حضرت سالم بن عبداللہ رحمہ اللہ نے فرمایا: امیر المومنین دنیا میں روزہ داری طرح رہنا چاہئے۔

حضرت رجاء بن حیات بولے: امیر المومنین! اگر آپ قیامت میں اللہ کے عذاب سے نجات چاہتے ہیں تو مسلمانوں کے لئے وہی پسند کیجئے جو اپنے لئے پسند کرتے ہیں۔

☆.....☆

روشن ماضی

روشان المبارک میں دعاؤں کی تعریف

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا جبکہ ماہ رمضان آپہنچا تھا کہ تمہارے پاس رمضان کا مہینہ آگیا ہے یہ برکت کا مہینہ ہے اس میں اللہ تم کو ڈھانپ لیتا ہے پس رحمت نازل فرماتے ہے گناہوں کو معاف فرماتے ہے اور اس ماہ دعا قبول فرماتے ہے گا (اور فرمایا کہ) اللہ تعالیٰ تمہارے ماہ مبارک اعمال کو دیکھتا ہے اور تم کو فرشتوں کے سامنے پیش کرتا ہے اپنے اعمال پیش کرو کیونکہ بہترین وہ ہے جو اس ماہ میں اللہ کی رحمت سے محروم کردیا گیا۔ (مجمع الزوائد ص ۱۶۲ ج ۳ مطبوعہ مکتبہ طبرانی)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ماہ رمضان المبارک دعاؤں کی قبولیت کا خاص مہینہ ہے، اس ماہ میں جس طرح دیگر عبادات میں خوب بڑھ چڑھ کر وقت لگایا جائے، اسی طرح دعائیں بھی خوب کی جائیں، خصوصیت کے ساتھ شب قدر میں خوب لگن کے ساتھ دعا کرلیں۔

مرغ کی آواز سنو تو اللہ سے فضل مانگا کرو

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب مرغ کی آواز سنو تو اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل کا سوال کرو کیونکہ وہ اس لیے چیختا کہ اس نے فرشتہ دیکھا اور جب گدھے کے بولنے کی آواز سنو تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگو (یعنی اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھو) کیونکہ وہ اس لیے چیختا کہ اس نے شیطان کو دیکھا۔ (مشکوٰۃ المصابیح ص ۲۱۳ بحوالہ بخاری ومسلم)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب مرغ اذان دے تو اس وقت اللہ کے فضل کا سوال کرے مثلاً یوں کہے اللھم انی اسئلک من فضلک کیونکہ مرغ فرشتہ کو دیکھ کر بولتا ہے فرشتوں کی تشریف آوری یوں بھی بابرکت ہے پھر جب بندے اس موقعہ پر دعا کریں گے تو اغلب وقارب ہے کہ فرشتہ بھی آمین کہہ دے گا ان کی آمین ہماری دعا کے ساتھ لگ جائے گا تو قبولیت سے زیادہ قریب تر ہو جانے میں کیا شک ہے، حضور اقدس ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ گدھے کی آواز سنو تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگو کیونکہ گدھا جب ایسے موقع پر عمدا بھی گذرا ہوگا اور یہ جانور ماہ وشیاطین سے بھری ہوئی ہے تو نام ہے اور ماہ بھی گھن سے مراد یہ ہے شوت خیز ہو کر زیادہ خیال نہیں ہوتا، ان دنوں میں اوٹ کا بھی ایک اوٹ اٹھا سکتا ہے اس وقت مناسب ہے کہ شیطان وفوج یعنی پوری کی پوری کو اس کی مستی شوت ہو اور جب اوٹ جنگل میں یا رہتا ہے تو بلوط کے برگ دیکھا رہا ہے اور آرام پاتا ہے اور اگر سائب کا تنا ہے تو لکڑ کھاتا ہے اچھا ہو جاتا ہے، بہایں کہ کہتا ہے کہ خرچنگ یعنی کیکڑ سانپ کے دفعیہ زہر کو فہیمت عمدہ ہوتا ہے، کہتے ہیں کہ اوٹ کا پیشہ نہیں ہوتا اور ہفتہ یعنی عدد کا دار کو جو اثر اٹھا نہ سکے وہ چاند نہیں جو سیاہ راتوں میں کسی غریب کا گھر بار تلگا نہ سکے وہ کہسار نہیں جو زمیں کے سینے پر بلند ہو کے بھی اپنا مقام پا نہ سکے وہ سرفراز وہ جانباز و شہسوار نہیں جو اپنی تیغ سے قاتل کا سر اڑا نہ سکے اُٹھا کے پھینک دو کوڑے میں ایسے خنجر کو ستم گروں کے جو دام ونشاں مٹا نہ سکے وہ مرد ہو کر کوئی گدھ ہے، وہ عقاب نہیں کہ جس کی تیز نظر میں شکار آ نہ سکے

(تفسیر روح القرآن فریدی شہید)

☆.....☆.....☆

الادب والادیب

وہ تیغ تیغ جس جو ستم مٹا نہ سکے
وہ ہاتھ ہاتھ نہیں جن میں جان ہو باقی
وہ برق برق نہیں جو چمک دکھا نہ سکے
گرے زمیں پہ گر ہمیں بھی نہیں رہے گا اور جب
وہ ڈھال ڈھال نہیں جان جو بچا نہ سکے

☆.....☆.....☆

عجائب قدرت

سوچ کی برکت اللہ کی خوشی سے بہتر بنانے والا ہے (المومنون:۱۴)

بھیڑ اونٹ کا بگڑ کھانے ڈھلکا تو آنکھ کا بند ہوا گرتیں مرتبہ کھانے کا بڑی چشم دید ہوجائے، چڑیا اس کی پہچان پر رکھیں وہاں سانپ نہ رہے گا اگر اس کے کوہان پر جلا کر پانی کے ساتھ بواسیر پر لیں فائدہ ہی اور صرف دھواں بھی، بلیاں نے نکالے کہ پشر کے کان میں ایک عدد مانند چمر کے ہوتا ہے اور پوست میں لطاب ہوتا ہے اگر اس لطاب کو آنکھوں میں لگائیں تو رتونڈی کو مفید ہو اور سر پر لگانے سے بال جم آئیں اور لیے اور سیاہ ہوں اگر گردن اور گوپچ ملیں درد گھٹ ہو، وہ آگ سے دفعیہ ایک لطاب کو منع سنگ کے مرگی والی ناک میں پکائیں نہایت مفید ہے اگر گوئی مفید ہوگا۔

☆.....☆.....☆

بزم القلم

محترم ایڈیٹر صفحہ روزنامہ القلم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اُمید ہے کہ آپ بخیریت سے ہونگے اور اخلاص کی ترقی وخوشحالی کے لیے محنت میں لگے ہوئے ہونگے۔ یہ القلم میں کام کرنے والوں اور حضرت امیر محترم کے اخلاص کی برکت ہے کہ ہر گوئی اس اخبار کو حد سے زیادہ چاہتا ہے۔ اور چاہے بھی کیوں نہ کہ اس میں تقریباً دین کا خلاصہ آجاتا ہے اور اس پیارے اخبار میں دین پر کسی سربلندی (جہاد) کو پانے کی دعوت ہوتی ہے اور طریقہ بھی ہوتا ہے۔

اور خاص طور پر صفحہ نمبر ۵ تو بہت دلچسپ مضامین پر مشتمل ہوتا ہے۔

اس میں جو ماہ کے مختلف معنوں میں بیان کیا جاتا ہے اور فنون کا علم کھولتا جاتا ہے۔ بڑی شدت سے انتظار رہتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔

والسلام

(محمد ذوالفقار بابر، کراچی)

طلحہ السیف
tlhasaif@gmail.com
talhausaif@alqalamonline.com

السلام علیکم

محکم سے مضبوط

کسی حکم پر عمل کا کم سے کم درجہ وہ ہوتا ہے جس پر عمل ہو کر انسان وعید سے بچ جائے۔

ترک جہاد پر قرآن و حدیث میں شدید وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔

(۱) ترجمہ: اے ایمان والو! تمہیں کیا ہوا جب تمہیں کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں کوچ کرو تو زمین پر گرے جاتے ہو، کیا تم آخرت کو چھوڑ کر دنیا کی زندگی پر خوش ہو گئے ہو، دنیا کی زندگی کا فائدہ تو آخرت کے مقابلے میں بہت ہی کم ہے۔ (التوبہ: ۳۸)

(۲) ترجمہ: اگر تم نکلو گے تو اللہ تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کرے گا اور تمہاری جگہ اور لوگ پیدا کرے گا اور تم اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکو گے، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (التوبہ: ۳۹)

(۳) ترجمہ: اور تم اس فتنے سے بچتے رہو جو تم میں سے خاص ظالموں پر ہی نہ پڑے گا، اور جان لو کہ بے شک اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے۔ (سورۃ الانفال آیت 25)

(۴) ترجمہ: جو لوگ پیچھے رہ گئے وہ رسول اللہ کی مرضی کے خلاف بیٹھ رہنے سے خوش ہوتے ہیں اور اس بات کو ناپسند کیا کہ اپنے مالوں اور جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کریں اور کہا کہ گرمی میں مت نکلو، کہہ دو کہ دوزخ کی آگ کہیں زیادہ گرم ہے، کاش یہ سمجھ سکتے۔ سو وہ تھوڑا سا ہنسیں اور زیادہ روئیں، ان کے اعمال کے بدلے جو کرتے رہے ہیں۔ سو اگر تجھے اللہ ان میں سے کسی فرقہ کی طرف پھرلے جائے پھر تجھ سے نکلنے کی اجازت چاہیں تو کہہ دو کہ تم میرے ساتھ کبھی بھی ہرگز نہ نکلو گے اور میرے ساتھ ہو کر کسی دشمن سے نہ لڑو گے، تمہیں پہلی مرتبہ بیٹھنا پسند آیا سو پیچھے رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔ اور ان میں سے جو مرجائے کبھی بھی اس کی نماز نہ پڑھو اور نہ اس کی قبر پر کھڑا ہو، بے شک انہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے کفر کیا اور نافرمانی کی حالت میں مرگئے۔ (سورہ التوبہ آیات 81/82/83/84)

علامہ ابن الخال امین شہید رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان آیات کے نقل کے بعد مسلمانوں کو اس طرح مخاطب فرمایا:

”اے مسلمانو! اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے، ان آیات مبارکہ میں غور کرو کہ جہاد سے پیچھے رہ جانے والوں اور اس میں جان و مال خرچ نہ کرنے والوں کے لئے کتنی سخت وعید، کتنی بڑی رسوائی اور کتنا دردناک وبال ہے۔ یہ آیات اگرچہ کچھ خاص (منافق) لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، لیکن ان میں تمام افراد کے لئے سخت تنبیہ اور وعید ہے جو ان منافقوں جیسے کام کریں گے اور منافقوں کی طرح غرض جہاد سے پیچھے رہ جائیں گے، بس اسی انداز و ادا کو کہ جہاد کا چھوڑنا کتنا برا کام ہے (کہ مسلمان کو منافقوں کی صف میں شامل کر دیتا ہے) وہ اس پر کتنی سخت وعید ہے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العظیم

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم خرید و فروخت میں مشغول ہو جاؤ گے اور گائے کی دم پکڑو گے اور کھیتی باڑی سے دل لگا لو گے اور جہاد کو چھوڑ دو گے تو اللہ (تعالیٰ) تم پر ذلت مسلط فرمائے گا اور اس وقت تک تم سے اس ذلت کو نہیں ہٹائے گا جب تک تم اپنے دین کی طرف نہیں لوٹ آؤ گے۔ (ابوداؤد)

اس حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ لوگ جب جہاد کو چھوڑ کر کھیتی باڑی اور اس طرح کے دوسرے کاموں میں مشغول ہوں گے تو ذلت اور رسوائی ان کا مقدر بن جائے گی اور وہ اس ذلت سے اسی وقت چھٹکارہ پا سکیں گے جب کافروں سے جہاد کریں گے، ان سے نفرت اور سختی کا برتاؤ کریں گے، اسلام اور مسلمانوں کی نصرت کریں گے اور اللہ تعالیٰ کے کلمے کو بلند کرنے اور کفار و کافروں کو مغلوب کرنے کے لئے محنت کریں گے (یاد رکھئے) یہ سب کچھ ان کے ذمے (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) لازم ہے۔“ (فضائل جہاد 42/43)

ان تمام نصوص اور ان کے علاوہ قرآن و حدیث کے کئی مقامات پر ترک جہاد پر شدید وعیدیں وارد ہوئیں ہیں۔ ایسے کئی طویل قصے قرآن مجید میں مذکور ہیں جن میں جہاد سے پہلوتہی کرنے، اس میں سستی دکھانے اور جہاد کے موقع پر تاویلات اور بہانے کرنے والے افراد کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ قرآن مجید میں جتنے بھی غزوات کا تفصیلی تذکرہ ہے ان کے واقعہ میں مومنین اور کفار کے ساتھ ان لوگوں کا احوال اور کردار بھی بیان کیا گیا ہے، جنہوں نے اس موقع پر اخراص کا رویہ اپنایا اور جہاد میں شرکت نہ کی۔ ہر موقع پر ان کی مذمت کی گئی اور انہیں شدید عذاب کی تہدید کی گئی۔ البتہ دو احادیث میں یہ مسئلہ صراحت کے ساتھ آگیا ہے کہ ترک جہاد کی وعید اس ترک کے کس درجے کے ساتھ متعلق ہے اور دو احادیث میں یہ صراحت آگئی کہ کس حد تک عمل کرنے لینے سے وعید سے بچا جا سکتا ہے۔ وعیدیں دو ہیں اور دونوں احادیث کی مختصر تشریح:

(۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کریم ﷺ سے نقل کرتے ہیں: جس شخص نے نہ جہاد کیا اور نہ اس نے دل سے جہاد کی نیت کی وہ نفاق کے ایک شعبے پر مرے گا۔ (مسلم)

پہلی وعید یہ ہوئی کہ اسے ایمان کامل پر نہیں بلکہ نفاق کے ایک درجے پر موت آئے گی اور یہ مسئلہ قرآن مجید کی کئی آیات سے صراحت کے ساتھ ثابت ہے کہ مومن کا ایمان نظریہ جہاد کے بغیر مکمل نہیں ہوتا اس لئے قرآن مجید میں نفاق کا سارا موضوع ہی آیات جہاد کے گرد گھومتا ہے۔ اس حدیث میں بھی یہ ارشاد بطور تفسیر وارد ہوا کہ اگر مکمل دل سے جہاد کی نیت رکھنا ایمان کی تکمیل کے لئے لازم ہے اور یہ مسئلہ بھی خود قرآن نے حل کر دیا کہ نیت کے سچے ہونے نہ ہونے کی علامت کیا ہے؟

ترجمہ: اگر تمہیں (جہاد میں) نکلنے کی تو ضرور اس کے لئے تیاری رکھتے۔ (التوبہ 46)

بقدر استطاعت جہاد کی تیاری رکھنے کو نیت کی سچائی کی علامت کے طور پر خود اللہ رب العزت نے متعین فرمادیا۔ ایک مسلمان پر لازم ہے کہ وہ جس قدر استطاعت ہو اتنی جسمانی و مادی تیاری کرے اور دل میں سچائی کے ساتھ جہاد کی نیت رکھے تاکہ اس شدید وعید سے بچ سکے۔ ایک مسلمان کے لئے ایمان کامل کے حصول سے بڑھ کر کوئی ہدف نہیں اور ایمان کامل سے محرومی سے بڑھ کر کوئی وعید نہیں۔

(۲) حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے خود بھی جہاد نہ کیا اور نہ کسی غازی کو سامان جہاد فراہم کیا اور نہ کسی مجاہد کے پیچھے اس کے گھر والوں کی بھلائی کے ساتھ دیکھ بھال کی اللہ تعالیٰ قیامت سے پہلے اسے کسی دردناک مصیبت میں مبتلا فرمادے گا۔ (ابوداؤد)

یعنی اولین درجہ خود جہاد میں عملی شرکت کرنا، اوسط درجہ مجاہد کو سامان جہاد فراہم کرنا اور ادنیٰ درجہ مجاہد کے گھر کی دیکھ بھال اور کفالت کرنا ہے۔ جس نے ان میں سے کسی درجے پر بھی عمل نہ کیا اس کے لئے وعید ہے ”اصابہ اللہ بقارعۃ قبل یوم القیامۃ“..... اللہ تعالیٰ اسے ”قارعہ“ میں مبتلا کرے گا۔ ”قارعہ“ کس درجے کی مصیبت کو کہا جاتا ہے اس کا انداز اس بات سے لگائیں کہ قرآن مجید میں قیامت کو ”القارعۃ“ کہا گیا ہے۔

اس مرکزی دو طوں طرح ذکر کیا گیا ہے۔ یہاں وعید کے انداز میں اور دوسری روایت میں وعید کے الفاظ کہیں اپنے جہاد میں عملی شرکت کرنا، اور ادنیٰ درجہ مجاہد کے گھر کی دیکھ بھال اور کفالت کرنا ہے۔ جس نے ان ترتیب سے واضح کیا گیا ہے۔

”جس شخص نے کسی غازی کو سامان جہاز فراہم کیا اس نے بھی جہاد میں شرکت کی اور جس نے کسی غازی کے پیچھے اس کے گھر بار کی کفالت کی اس نے بھی جہاد میں شرکت کی۔ (متفق علیہ)

یہ بھی جہاد میں شرکت نہ کرنے پر سخت وعیدیں اور وہ کم سے کم درجہ جس پر عمل پیرا ہو کر وعید سے بچا جا سکتا ہے۔

☆.....☆.....☆

شیڈول برائے علمی و تربیتی دورات

بہاولپور دورات

دورہ تفسیر
1 05 مارچ 2 19 مارچ

دورہ اساسیہ

دورہ تربیہ 1 11 مارچ 2 25 مارچ
مقام: جامع مسجد عثمان ولی ریلوے لنک روڈ ماڈل ٹاؤن بی، بہاولپور

کراچی

دورہ تربیہ 1 18 تا 24 مارچ
مقام: چاندنی انور مفتی ولی حسن ٹاؤن، براسٹ الفلاح کیمپ، نزد سکرو پارک کراچی
0336-3353813

پشاور

دورہ تربیہ 1 04 تا 10 مارچ
مقام: مدرسہ سبحان بن سلطانہ کاکوں جو کیان، کنڑی اسلم، ملاقہ تر تاب فارم، پشاور
0315-9324524

الحمدللہ! کہ مرکز سبحان ولی میں ایک بار پھر طلبہ دین کا عظیم الشان اجتماع منعقد ہوا اور گزشتہ دو بار کے عنوان سے دعوت جہاد کی دلولہ انگیز صدائیں بلند ہوئیں۔ جی ہاں! المدارج بروز جمعرات مرکز سبحان ولی بہاولپور میں آل پاکستان طلبۂ مدارس کے مابین تقریری مقابلہ منعقد ہوا، جس کا موضوع ”غزوہ بدر معارف واسباق“ متعین تھا۔ اس حتمی ترتیب سے پہلے تقریباً تین چار ماہ قبل سے ہی ملک کے مختلف علاقوں سے مدارس کے طلبہ نے اس مقابلے میں شرکت کے لئے اپنے نام لکھوائے تھے۔ مقررین کو خطابت کے رموز و اسرار سے آگاہ کرنے کے لئے ان کی تیاری کے لئے ایک ماہ قبل ہی ان کے لئے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا تھا۔ جس میں ملک کے نامور علماء کرام نے شرکت کی اور طلبہ کی تربیت کی۔ ان ورکشاپ کے شرکاء میں دور کے علاقے مثلاً کراچی، بالاکوٹ وغیرہ سے آنے والے قافلوں نے المدارج کو بھی بہاولپور کا عشرو شرح کر دیا اساتذہ کی پہل پہل شروع ہو گئی تھی۔ ۷ مارچ کی صبح تک جو مہمان تشریف لا چکے تھے ان کو پوقت صبح ناشتہ کرایا گیا۔ ناشتہ کے بعد کچھ سے زیادہ گرام کی تیاری کھانا کھایا گیا۔ بعد ازاں شعبہ حسب معمول درس قرآن دیا گیا۔ مدرس حضرت اقدس استاذ محترم مولانا قاری صادق صاحب دامت برکاتہم تھے ان کے درس کا بعد از اں شعبہ تحریر صاحب نے باقاعدہ طور پر مقابلے کا آغاز کرتے ہوئے کلام پاک کے لیے قاری محمد فیاض صاحب کو دعوت دی۔

تلاوت کے بعد حضرت مفتی محمد اکرم صاحب نے اسٹیج سیکرٹری کی ذمہ داری نبھاتے ہوئے تقریب کا آغاز کیا۔ حمد باری تعالیٰ، نعت رسول مقبول ﷺ اور نظموں کے بعد تقریری مقابلے کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

اس تقریری مقابلے میں مندرجہ ذیل مقررین نے حصہ لیا:

☆ حضرت مفتی مظہر احمدی صاحب (مدیر احسدین زرارہ، بہاولپور)

☆ حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب (استاذ الحدیث جامعہ دارالہدیٰ ملتان)

☆ حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب (باغبان اہل باب العلوم کہروڑ پکا)

تقریری مقابلے کے دوران لاہور سے آئے ہوئے بھائی عثمان صاحب جو پنجاب یونیورسٹی لاہور میں زیر تعلیم ہیں انہوں نے اعزازی بیان کیا اور انہی کے ساتھ جامعہ الصابر کے ایک طالب علم نے عربی زبان میں اپنی خطابت کے جوہر دکھائے۔

تقریباً ۴ گھنٹے کی تقاریروں کے بعد آخر میں مہمان خصوصی امیر الجامعہ بدین مولانا محمد مسعود از حفظہ اللہ تعالیٰ کے برادر صغیر مولانا محمد عمار صاحب نے مفصل، ولولہ انگیز، موثر علمی، اور فکری بیان فرمایا جس میں جہاد کی اہمیت، جہادی ادبیات، غزوہ بدر کا دل افروز تذکرہ، شہدائے اسلام کی مثالی قربانیوں اور امت مسلمہ کے جسد واحد میں زبردست فکر مند رہنے والے طبقہ مناقفین کے خوب پردے چاک کیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غزوہ بدر کل بھی مسلمانوں کے لیے چست تھا، آج بھی چست ہے اور قیامت تک لیے چست رہے گا۔ کل بھی غزوہ بدر میں اوپنجل مارا گیا تھا اور آج کے اوپنجل بھی جہاد کے سامنے خاک چاٹ رہے ہیں۔ کل بھی اوپنجل جہاد اور مجاہدین کے روکنے کے لیے تمام تر کوششوں کے باوجود ناکام ہوا اور آج کے جہاد دشمن بھی ناکام و نامراد ہو رہے ہیں اور پوری دنیا ان کی ذلت اور رسوائی کا تماشا شکلی آنکھوں سے دیکھ رہی ہے۔

اس کے بعد مفتی محمد مظہر احمدی صاحب نے تقریری مقابلے کے نتائج کا اعلان کیا۔ جس کے مطابق پوزیشن لینے والے طلبہ درج ذیل ہیں:

اول انعام: عطاء اللہ (مرکز الجمیل الاسلامی اسلام آباد)

دوسرا انعام: محمد حذیفہ (جامعہ الصابر بہاولپور)

سوم انعام: عمر فاروق (تعلیم القرآن جابہ بالا کوٹ)

سوم انعام: ولی حسن (چاندنی بہاولپور)

اول انعام تقریر کیا گیارہ ہزار پر مشتمل تھا۔ دوسرا انعام ۷ ہزار اور تیسرا انعام پانچ ہزار پر مشتمل تھا۔ اس کے علاوہ ہر خطیب کو اعزازی انعام دیا گیا جو تین ہزاری کی مالیت پر مشتمل تھا۔ اعزازی انعامات میں سے ایک عدد کلاک (گھڑی) اسی مقابلے کے لئے خاص بنوائی گئی تھی اور ”منتخب جواہر“ کتاب دی گئی تھی۔

اسی اعلان کے بعد حضرت اقدس مولانا حبیب الرحمٰن صاحب نے اختتامی دعا فرمائی اور یہ نشست اختتام پذیر ہوئی۔ نشست کے آخر میں یہ اعلان کیا گیا کہ ظہر کی نماز کا اہتمام کیا جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی تقریری مقابلے اور طلبہ اجتماع کی پہلی نشست اختتام پذیر ہوگئی۔

دوسری نشست کا آغاز صبح نو بجے ہوا جس میں اسٹیج سیکریٹری مولانا عامر صاحب تھے۔ تلاوت قرآن پاک کے لئے عبداللہ بھائی کو دعوت دی گئی اس کے بعد نعت مبارکہ پیش کی گئی۔ بعد ازاں شعبہ المرابطون کے صوبائی منتظمین کے بیانات ہوئے جن میں مولانا عاطف اللہ صاحب، مولانا بلال الدین صاحب اور مولانا کلیم اللہ صاحب شامل تھے۔ جنہوں نے اپنے اپنے انداز میں نظریہ جہاد کی طرف طلباء کو بلایا اور سمجھایا۔

ان کے بعد غازی ہمذ مولانا الیاس قاسمی صاحب نے غزوہ بدر کے اسباق اور جنیل میں پیش آنے والے اہم بعض سبق آموز واقعات سے محفل کو تر و تازہ کیا۔

اسی کے ساتھ ساتھ ترانے اور جہادی نظمیں بھی چلتی رہیں۔ نظمیں پڑھنے والوں میں قاری رفیع صاحب، بھائی عدنان صاحب وغیرہ موجود تھے۔ پھر حضرت اقدس مفتی منصور صاحب کا بیان ہوا جنہوں نے غزوہ بدر کی روشنی میں طلباء کو جہاد سکھایا، سمجھایا اور اس کی طرف بلایا۔

اب پروگرام اختتامی مراحل پر پہنچ چکا تھا۔ انعامات کی تقسیم ہوئی اور اس کے بعد چوتھی نماز جمعہ کا وقت بھی قریب ہو جاتا تھا لہٰذا لوگوں کو نماز کی تیاری کا وقت دیا گیا۔ تیاری کر کے تمام حضرات صفوں کی ترتیب میں بیٹھ گئے اور آخری بیان کا انتظار ہونے لگا۔ اسی دوران ایک صاحب نے نعت اور نظم پیش کی۔ نظم کا ایک فقرہ کچھ یوں تھا:

اللہ کے رستے میں جو جان لٹاتے ہیں
وہ مرتے نہیں، مرکر زندہ ہو جاتے ہیں

اس کے بعد طلبۂ اجتماع اور تقریری مقابلے کی آخری بیان حضرت اقدس مولانا عطاء المنیف صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے شروع فرمایا اور ورثۃ الانبیاء کے سامنے ورثۃ الانبیاء کی تصویر کشی فرمائی، ورثۃ الانبیاء کا معنیٰ، منصب اور مقام بیان فرمایا، ورثۃ الانبیاء کے سامنے خود جہاد اور قربانی کا چند پہر دیا، ہمت، جواں مردانہ، سینہ سپر ہو کر کھڑے ہونا، بہادر بن کر زندگی گزارنا اور اپنے نبی اور اسلاف کا نقش اپنے سامنے رکھ کر زندگی گزارنا ہمارے منشور ہونا چاہئے تب ہی علمائے کرام اور طلبہ عظام ورثۃ الانبیاء کے عظیم منصب کے حقدار ہو سکتے ہیں۔

الغرض ایک ایسا بیان تھا جس نے دلوں میں ہمت، عزائم میں ولولے اور تفکرات میں پختگی بھر دی اور دنیا کے ظالم و جابروں کی بے وقعتی اور بے حیثیتی طشت از بام کر دی۔

اس بیان کے بعد نماز جمعہ ادا کی گئی اور اسی کے ساتھ یہ تقریری مقابلہ اور طلبہ اجتماع کی تقریب اختتام پذیر ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ شعبہ المرابطون اور جماعت کی تمام محنتوں کو قبول فرمائے۔ آمین

☆.....☆.....☆

امکان

میرے ہمدم! ایسا بھی تو ممکن ہے
آج کا دشمن کل کا دوست ہو سکتا ہے
دل سے عداوت کے وہ کانٹے خارج کر کے
اپنے من کی کالک بھی وہ دھو سکتا ہے
تیری خوشیوں کے لمحات میں شامل ہو کر
تیرے لئے پھولوں کے ہار پرو سکتا ہے
تجھ پہ جان نچھاور کر سکتا ہے وہ
اس کی گود میں میٹھی نیند تو سو سکتا ہے
تو اس کے اخلاص کو ٹھیس نہ لگنے دینا
ایسا پیارا کسی بہانے کھو سکتا ہے
اچھا نہیں اُلجھنا کسی بھی انسان سے
کچھ بھی اثر کسی وقت بھی ہو سکتا ہے

پروفیسر انور ویگل

وہ اس مرکز میں آکر اپنے منصب کو سمجھیں اور اس منصب کا ایک خاص پہلو کہ طالب علم کو صرف طالب علم نہیں بلکہ ایک اچھا سچا، پکا اور مخلص مجاہد، سپہ سالار اور کمانڈر بھی ہونا چاہیے، حاصل کریں۔

جملہ مہمانوں کی توجہ کا مرکز بنا وہ تھا۔

”ہم آنے والے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہیں“

اس کے علاوہ المرابطون کا خاص رسالہ جو ابھی تیاری

سب سے پہلے اپنی جان



آگے بڑھنے تک ہی محدود ہے..... چہاد کو کیسے روکنا ہے، بے گناہ کشمیری مجاہدین کو گرفتار کر کے کیسے سزائیں دلوانی ہیں؟ بھارت کو کشمیری مجاہدین کے حملوں سے کیسے محفوظ بنانا ہے؟ بھارت کے مفادوں کو گزند کیسے کرنا ہے؟ بس ان کی کوشش یہی ہے۔

ان کی حکومت کی ساری طاقت جہادیوں، تبلیغی جماعتوں، مدرسوں اور مولویوں کے خلاف ہی وقف ہے، جب زرداری مودی جیسے غلام و مشکور یا پرویز مشرف جیسے نگین غداری کے ملزم کا سامنا ہوجائے تو ان کی طاقت کا پتہ پانی کی طرح ہو جاتا ہے..... پھر ”شیر“ کو گیدڑ بنتے ہوئے دیر نہیں لگتی، لبرل ”ڈنڈا ڈرتا“ کسی سے نہیں ہوں..... مگر ”کمانڈ“ اتنا زبردل نکلا کہ ”اداکاری“ کے جوہر دکھا کر بیماری کے بہانے ملک سے نکل بھاگا، عدالتیں راہ تکتی ہی رہ گئیں، مجرم پکارتے ہی رہ گئے، عدالتی ہرکارے آوازیں لگاتے رہے کہ ”ملزم پرویز مشرف حاضر ہو“..... لیکن لال مسجد اور جامعہ حفصہ میں طلباء اور معصوم بچیوں کا خون بہانے والا..... نگین غداری کا ملزم پرویز مشرف پاکستان کے نظام، پاکستان کے حکمرانوں اور پاکستان کی عدالتوں سے زیادہ طاقتور نکلا۔

لال مسجد کو خون میں نہلانے والے دو بیٹی پنچ کر یہ ثابت کر دیا کہ وہ صرف انسانوں کا ہی نہیں بلکہ پاکستان کے ”نظام انصاف“ کا بھی خون میں کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے..... ”سب سے پہلے پاکستان“ کا منافقانہ نعرہ لگانے والا..... پاکستان کو مشکل ترین حالات میں چھوڑ کر ”سب سے پہلے اپنی جان“ بچا کر فرار ہو گیا.....

اچھا ہوا کہ رسوا کن ڈیکٹیٹر بھاگ گیا..... اگر وہ عدالتوں کا سامنا کرتا اور یہ کہہ دیتا کہ ”مرجانا قبول ہے مگر ملک چھوڑنا قبول نہیں“ تو یہ خاکسار جو دس، گیارہ سالوں سے اپنے کالموں میں پرویز مشرف کے خلاف ”متفرد اصطلاحات“ استعمال کرتا آرہا تھا، وہ ساری ہی غلط ثابت ہو جاتیں..... اگر وہ بیماری کا ڈرامہ رچا کر بھاگنا تو ثابت ہوتا کہ ”کمانڈو“ بزدل نہیں، بلکہ بہادر ہے، اور وہ واقعی ”ڈنڈا ہیرو“ کسی سے نہیں ہے، اس کا سب سے پہلے پاکستان کا نعرہ بھی اخلاص پر مبنی ہے..... اسے واقعی یہ پھر تی اور اس ملک کی مٹی اپنی جان سے زیادہ عزیز ہے..... لیکن ”ڈیکٹیٹر“ کے فرار نے ہم جیسوں کے سارے کالم درست ثابت کر دیئے، الوداع پرویز مشرف..... الوداع، لیکن یاد رہے کہ صرف دنیا نہیں بلکہ تم دنیا کے آخری کونے میں بھی جا بسو! جب بھی لال مسجد والوں کا خون، جامعہ حفصہ کی پاکباز بیٹیوں کی چیخیں، گواہنا مو ہے کے قید خانوں میں جرم بے گناہی کی سزائیں کاٹنے والوں کی بددعائیں تمہارا پیچھا کرتی رہیں گی.....

تم پاکستان کے ”نظام انصاف“ کا لاشہ تو نوچ سکتے ہو، پاکستانی عدالتوں سے تو زیادہ طاقتور ہو سکتے ہو، مگر پاک پروردگار کی گرفت سے نہیں بچ سکو گے، مظلوم انسانوں پر ظلم ڈھانے والے کسی بھی دور کے یزید ہوں، فرعون ہوں، ہامان ہوں یا قارون ہوں، ان کا مقدر بن جایا کرتی ہے، نگین غداری کے ملزم پرویز مشرف کی بیرون ملک روانگی نے ”شریف برادران“ کی کھوتی ورک کے بھی ”کس بل“ نکال کر رکھ دیئے ہیں اور یہ ثابت کر دیا کہ وزیر اعظم نواز شریف اور ان کے بھائی شہباز شریف کا کھوتی ڈبل اصرف سجدوں، مدرسوں اور اسلام پسندوں کے لئے ہی مخصوص ہے۔

ان کا قانون صرف مسجدوں کے احتیاج تک ہی محدود ہے، ان کی زد میں صرف مغربی ایجنڈے کے حامل ہی آتے ہیں، ان کی طویل قید قرآن مجید میں مذکور ہیں جن میں جہاد سے پہلوتہی کرنے، اس میں سستی دکھانے اور جہاد کے موقع پر تاویلات اور بہانے کرنے والے افراد کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ قرآن مجید میں جتنے بھی غزوات کا تفصیلی تذکرہ ہے ان کے واقعہ میں مومنین اور کفار کے ساتھ ان لوگوں کا احوال اور کردار بھی بیان کیا گیا ہے، جنہوں نے اس موقع پر اخراص کا رویہ اپنایا اور جہاد میں شرکت نہ کی۔ ہر موقع پر ان کی مذمت کی گئی اور انہیں شدید

گوشۂ مکتوب خادم



مکتوب خادم (16.03.2016)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ نے خود حضرت آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام پڑھنے کا حکم فرمایا ہے، بس کہ ”مقابلہ حسن“ کی بنیاد ہے..... اللہ تعالیٰ کا ہر حکم حسین ہے..... اللہ تعالیٰ حسن کا خالق ہے..... وہ ”الجمیل“ ہے، وہ ”المصور“ ہے، وہ ”جمال“ ہے، محبت فرماتا ہے..... اللہ تعالیٰ ”احسن“ عطا فرماتا ہے..... تکرار اور اظہار میں کوئی ”حسن“ نہیں، کوئی جمال نہیں..... کفار میں نہ جمال ہے نہ حسن..... جہاں حسن و جمال کے خلاف یہ ایمان نہ ہو وہاں حسن اور جمال کہاں سے آئے گا؟..... جس دل میں اللہ نہ ہو اس دل کو کیا کہیے کہ حسن کیا ہے؟ ..... درود و سلام ہو اس خاتم النبیین اور انتہا جمال پر کہ..... اس کی ایک جھلک کتابوں کو مہو دیتی ہے..... بصورتی کو مہا دیتی ہے..... سہل تکیل اور گندگی کو دور کر دیتی ہے..... اور انسان کو حسن و جمال میں رنگ دیتی ہے.....

درود و سلام ہو محبت پر بھی ہے..... اور عمل بھی ہے..... عشق و وفا والا حسین عمل..... درود و سلام ہو حسن یاری..... اور تعلق بھی ہے..... حسین تعلق..... درود و سلام ہو حسن رحمت بھی ہے..... حسین رحمت..... اور مغفرت بھی ہے..... حسن مغفرت..... درود و سلام ہو سیرتی حسن پر بھی ہے..... حسین سیرت..... اور پرواز بھی ہے..... حسین پرواز..... درود و سلام ہو نور کی بے..... ہدایت بھی ہے..... روشنی بھی ہے..... خوبصورتی بھی ہے..... پاکیزگی بھی ہے..... محبت بھی ہے..... حرکت بھی ہے..... حفاظت بھی ہے..... لذت بھی..... حسن ہی حسن، جمال ہی جمال..... آقائے مکرم سے جمہ شریف مرحبا..... مقابلہ حسن مرحبا

والسلام

خادم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

☆.....☆.....☆

قارئین! جب حکمران غداری کے ملزموں کے سہولت کار بن جائیں گے تو پھر ”امن“ اس ملک کیلئے خواب بن جائے گا۔

☆.....☆.....☆

نواز شریف نے..... لبرل پرویز مشرف کے ساتھ اپنے نیا این آر او کر لیا، مطلب یہ کہ جرم کے قانون سے بچنے اور حکمرانوں کا منظور نظر ہونے کیلئے لبرل لادین ہونا ضروری ہے۔ اللہ ان حکمرانوں کو عقل سلیم عطا فرمائے۔ (آمین)

پرویز مشرف کی قانون سے ماورا، بیرون ملک روانگی نے اس بات کو بھی ثابت کر دیا کہ پاکستان میں قانون کی حکمرانی پر یقین اسلام پسند زیادہ رکھتے ہیں، مذہبی طبقے ہی آئین اور قانون کا مکمل احترام بھی کرتے ہیں، پاکستان کی اڑسٹھ سالہ تاریخ میں کوئی ایک ایسا واقعہ بتایا جائے کہ جب کسی عالم دین، شیخ الحدیث یا مذہبی طبقے کے کسی نمایاں شخصیت نے قانون کی بالادستی کے منافی کوئی کام کیا ہو، کیا کسی نے کبھی سنا کہ کسی عالم دین نے کسی کو گولی مار کر قتل کیا ہو، کسی نے کسی کا گلا دبایا ہو، کسی نے کسی کو اغوا کیا ہو، کسی نے کسی کو زدوکوب کیا ہو، کسی نے کسی کو ڈرایا دھمکایا ہو، کسی نے کسی کو لوٹا ہو، کسی نے کسی کو بھتہ دینے پر مجبور کیا ہو، کسی نے کسی کو اغوا کر کے تاوان وصول کیا ہو، کسی نے کسی کو ہراساں کیا ہو، کسی نے کسی کو بلیک میل کیا ہو، کسی نے کسی کو دھوکہ دیا ہو، کسی نے کسی کو جعلی دستاویز بنا کر